## نسل درنسل انسانیت کے فائدے کیلئے کئے جانے والے کام انسان کے مرنے کے بعد بھی ہمیشہ زندہ رہتے ہیں، الطاف حسین

### نومنتخب حق پرست سینیٹرز بابر خان غوری، محترمہ شرالہ نشاط ملک اور عبدالحسیب خان سے ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔14، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ نسل درنسل انسانیت کے فائدے کیلئے کئے جانے والے کام انسان کے مرنے کے بعد بھی ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں نومنتخب حق پرست سینیٹرز بابر خان غوری، محترمہ شرالہ نشاط ملک اور عبدالحسیب خان سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے نومنتخب سینیٹرز کو ایوان بالا کا رکن منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ اپنی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کے حضور شکرانے کے نفل ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ دولت، شہرت اور مقام آنی جانی چیزیں ہیں اور انسان فانی ہے کیونکہ ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے لیکن یہ تاریخی حقیقت ہے کہ انسان دن رات محنت، لگن اور اپنے عظیم کاموں کے باعث مرنے کے بعد بھی زندہ رہتا ہے اور نسل درنسل انسانیت کے فائدے کیلئے کئے جانے والے کام انسان کے مرنے کے بعد بھی ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے نومنتخب سینیٹرز کو ہدایت کی کہ وہ انسانیت کی فلاح کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، عوام کے ساتھ بلاامتیاز رنگ ونسل، جنس، مسلک اور مذہب مساویانہ سلوک کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حق پرست سینیٹرز محنت، لگن اور ایمانداری سے کام کریں گے اور اپنے مقام کو ذاتی مفادات کے بجائے عوام کے اجتماعی مفادات کے حصول کیلئے استعمال کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست سینیٹرز کی کامیابی پر پاکستان اور لندن کی رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو بھی دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر نومنتخب سینیٹرز نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ تحریک کی جانب سے دی گئی ذمہ داری پوری ایمانداری سے انجام دیں گے اور تحریک کے اعتماد پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

## نومنتخب حق پرست سینیٹرز الطاف حسین کے والدین اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی

کراچی۔۔۔14، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نومنتخب حق پرست سینیٹرز عبدالحسیب خان اور بابر خان غوری نے عزیز آباد کے شہداء قبرستان کا دورہ کیا اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادریں چڑھائیں۔ اس موقع پر انہوں نے حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ بعدازاں حق پرست سینیٹرز نے پاپوش نگر قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والد محترم نذیر حسین مرحوم، والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادریں چڑھائی اور ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم کے جواں سال کارکن سید احمد شاہ باچہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی لانڈھی ٹاؤن یونٹ 3 کے جواں سال کرکن سید احمد شاہ باچہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## کویت اور عراق جنگ کے متاثرین کے مسائل کے حل کیلئے قائم کردہ کمیٹی کا اجلاس

### اجلاس کی صدارت قومی اسمبلی کے رکن شیخ صلاح الدین نے کی

اسلام آباد۔۔۔14، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار کی ہدایت پر کویت عراق جنگ کے متاثرین کے مسائل کے حل کیلئے قائم کردہ کمیٹی کا اجلاس او پی ایف کے بورڈ آف گورننگ اور قومی اسمبلی کے رکن شیخ صلاح الدین کی صدارت میں او پی ایف کے مرکزی دفتر میں ہوا۔ اجلاس میں اراکین قومی اسمبلی فرحت خان، سید طیب حسین، عثمان خان ترکئی اور ملک بھر سے تعلق رکھنے والے متاثرین کے نمائندوں نے شرکت کی۔ متاثرین کے نمائندوں نے کمیٹی کو اپنے مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور اس سلسلے میں دستاویزی ثبوت بھی پیش کئے۔ متاثرین کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین نے کہا کہ 18 سال

گزرنے کے بعد اس مسئلے پر ایم کیوایم کے تعلق رکھنے والے وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار کی جانب سے کمیٹی قائم کرکے ان معاملات پر انکوائری اور مسائل کے حل کرنے کے اقدامات کئے جارہے ہیں جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ایم کیوایم متاثرین کے جائز مطالبات کے قانونی حل کیلئے کوشاں ہیں ۔انہوں نے کہا کہ کویت اور عراق جنگ کے متاثرین کا مسئلہ انتہائی پیچیدہ ہے اس کے حل کیلئے وقت کی معیاد مقرر نہیں کی جاسکتی لیکن کمیٹی کم سے کم وقت میں ان مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کرے گی ۔اس موقع پر متاثرین کے نمائندوں نے کمیٹی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمیں مڈل کلاس کے طبقے کی نمائندگی کرنے والی جماعت کا وفاقی وزیر ملا جو ہمارے مسائل پر ہمدردانہ غور کررہا ہے ۔انہوں نے متاثرین کے مسائل کے حل کیلئے کمیٹی کے قیام پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا ۔اجلاس میں او پی ایف کے بورڈ آف گورننگ کے سیکریٹری حبیب الرحمٰن بھی موجود تھے ۔

## کورنگی، گڈاپ، لانڈھی سیکٹرز کے کارکنان اور لیاقت آباد یوسی 2 کے حق پرست نائب ناظم سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔14، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن سعید احمد کے والد اسلام خان، ایم کیوایم گڈاپ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 8 کے کارکن انور بیگ کی کمسن صاحبزادی رابعہ بی بی، گلبرگ ٹاؤن یوسی 2 کے حق پرست نائب ناظم ذوالفقار اسحٰق زلفی کے بھائی شیخ محمد اخلاق اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن شفیق کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

## ایم کیوایم آزاد کشمیر کے تحت الطاف حسین کے والد نذیر حسین مرحوم کی 42 ویں برسی منائی گئی

مظفرآباد ۔۔۔14، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے زیر اہتمام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والد نذیر حسین مرحوم کی 42 ویں برسی منائی گئی ۔برسی کے سلسلے میں دربار سائیں سہیلی سرکار مظفرآباد اجتماع منعقد کیا گیا جس میں نذیر حسین مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور لنگر بھی تقسیم کیا گیا ۔اس موقع پر مرحوم نذیر حسین مرحوم کو زبردست خراج عقیدت بھی پیش کیا گیا ۔برسی کے اجتماع میں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر و وزیر سیاحت سپورٹس و کلچر وامور نوجوانان طاہر کھوکھر، ایم کیوایم آزاد کشمیر کے ذمہ داران و کارکنان نے شرکت کی ۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دربار سائیں سہیلی سرکار پر حاضری دی، پھولوں کی چادر بھی چڑھائی اور فاتحہ خوانی بھی کی ۔

## رابطہ کمیٹی نے صوبہ سرحد کی آرگنائزنگ کمیٹی کو تحلیل کردیا

کراچی ۔۔۔14، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ہفتہ کے روز اپنے ایک ہنگامی اجلاس میں ایم کیوایم صوبہ سرحد کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کو تحلیل کردیا ہے اس فیصلے پر فوری طور پر عمل درآمد ہوگا ۔

☆☆☆☆☆